# ۳۔ مہارت پر مبنی سرگرمیاں


## ا۔ کارڈ شیٹ سے آسمانی قندیل تیار کرنا۔




(۱) اس قسم کے چھوٹے چھوٹے آسمانی قندیل بنا کر سجاوٹ کرو۔



(۲) درج ذیل اشیا کی مدد سے اپنی پسند کی کوئی چیز تیار کرو۔









♦ طلبہ سے پوچھیں کہ ان کی پسند کی چیز کون سی ہے اور وہ انھیں کیوں پسند ہے؟

## ۲۔ ناریل کے خول سے کوئی چیز تیار کرنا

امی نے پھوڑا ناریل
کھوپرا لیا نکال
خول کا فائدہ ہی کیا
کچرے میں دیا ڈال

خول کو آیا رونا
کیا کہیں انسان کو
کھوپرا سارا نکال کر
پھینک دیتے ہیں ہم کو

چنٹو پنٹو دوڑ لگاتے
دیکھ کے ان کو اُدھر سے آئے
رونے والے دو خولوں کو
اپنے ہاتھوں میں بھی اُٹھائے

چنٹو بولا ، میرے بھیّا
آئے ہیں ، سمجھائیں گے
اچھی چیزیں اِن سے بنانا
ہم کو وہ سکھلائیں گے

بھیّا بولے ، بات سنو
پیالیاں بنائیں ان سے آپ
پالش پیپر لے کر پھر
گِھس کر انھیں کریں گے صاف

سیلو ٹیپ کی خالی ریل
یا پھر چوڑی کوئی لاؤ
خول کے نیچے گوند لگاکر
دھیرے سے اس کو چپکاؤ

رنگین کاغذ ، اون ، ٹکلیاں
موتی لگاؤ ، انھیں سجاؤ
اندر چمکے ، باہر چمکے
پیالی ایسی خوب بناؤ

ذہین ہیں کتنے چنٹو پنٹو
ہنس کے کہا یہ خول نے سب کو
بھاگ گیا تھا رونا ان کا
یاد کیا جب دِل نے رب کو



